Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پنجاب میں ''ہتکِ عزّت قانون'' کی آڑ میں آزادیٔ اظہار و ابلاغ کے دستوری حق پر ڈاکہ ڈالنے کی تیاریوں کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے بنیادی دستوری حقوق کے خلاف جاری منظّم ریاستی یلغار کی شدید مذمت

ملک کے کسی حصے میں دستور مخالف قانون سازی یا انتظامی اقدامات قبول نہ کرنے اور ان کے خلاف شدید مزاحمت کا اعلان

عوامی تائید اور مینڈیٹ سے محروم سیاسی کٹھ پتلیاں دستور مخالف ریاستی عناصر کے غیر آئینی ایجنڈے کو کندھا فراہم کرکے ایوانوں میں اپنی ناجائز موجودگی کا معاوضہ ادا کر رہے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

پاکستان کو دستور سے محروم اور لاقانونیت کی بنیادوں پر کھڑی ایک ریاست کی شکل میں ڈھالا جا رہا ہے،

جنگل کے قانون کو ملک کا نیا دستور بنا کر اپنی مرضی مسلط کرنے والے ایک ایک کرکے تمام بنیادی آئینی حقوق غصب کر رہے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

ملک میں میڈیا، سوشل میڈیا اور صحافی بدترین ریاستی عتاب اور ماورائے آئین و قانون قدغنوں کی زد میں ہے،

گھٹن اور جبری زباں بندی کے اس ماحول میں اسمبلیوں سے خلافِ آئین قانون سازی ایوانوں کو جمہوریت کش مورچوں میں بدلنے کی مکروہ کوشش ہے جس کی ہر سطح پر مزاحمت کریں گے، ترجمان تحریک انصاف

آزادیٔ اظہار و ابلاغ کی حرمت کیلئے کام کرنے والے حلقے آگے بڑھیں اور شہریوں/میڈیا کی بیڑیاں پہنانے کے مجرمانہ عمل کے خلاف وسیع تر مزاحمت کا اہتمام کریں، ترجمان تحریک انصاف

تحریک انصاف ریاستی و حکومتی بدمعاشیوں پر عوام کی جبری زباں بندی کی ہر حکومتی کوشش کی ہر سطح پر مخالفت اور مزاحمت کرے گی،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ